اِدھر جب سے دُنیا تجارت کے جنگل میں پھنس گئی ہے اُس وقت سے ہر شئے تجارت کی ترازو میں تلنے اور تجارت کے سانچے میں ڈھلنے لگی ہے۔ ہمیں اُس نوجوان کی بات اب بھی یاد ہے، جس نے ایک کتب فروش کی دوکان پر کھڑے ہو کر کتب فروش سے کہا تھا:

"جنابِ والا! مجھے کرشن چندر کے دو کیلو افسانے، راجندر سنگھ بیدی کی ڈیڑھ کیلو کہانیاں اور فیض کی چار کیلو غزلیں دیجئے۔"

اور کتب فروش موصوف نے ہماری آنکھوں کے سامنے کرشن چندر اور بیدی کی کہانیوں کے مجموعے ترازو میں تول کر دیئے اور فیض کی غزلوں کے بارے میں کہا فرمایا:

"حضور! میں آپ کو فیض احمد فیض کی چار کیلو غزلیں دینے کے موقف میں نہیں ہوں کیونکہ فیض کا سارا ادبی سرمایہ صرف ڈیڑھ کیلو غزلوں پر مشتمل ہے۔ یقین نہ آئے تو "دستِ صبا"، "نقشِ فریادی" اور "زنداں نامہ" کو تول کر دیکھ لیجئے۔"

اس دن کے بعد سے ہمیں یہ یقین ہو چلا تھا کہ وہ دن دُور نہیں جب تجارت ادب پر اس قدر غالب آ جائے گی کہ لوگ شاعری کی بلیک مارکیٹنگ اور افسانوں کی ذخیرہ اندوزی کرنے لگیں گے۔ ویسے بیرونی ادب کی اسمگلنگ تو ہمارے ہاں اب بھی جاری ہے، مگر ہمارا یہ یقین اس وقت پختہ ہو گیا جب ہمیں یہ پتہ چلا کہ ایک صاحب نے "غزل سپلائنگ اینڈ مینوفیکچرنگ کمپنی، پرائیویٹ ان لمیٹڈ" قائم کر رکھی ہے اور اس کمپنی کا کاروبار زوروں پر جاری ہے۔ چنانچہ ہم اس کمپنی کا معائنہ کرنے کی غرض سے اُس "مقامِ واردات" پر پہنچے جہاں "واردات قلبی" کو اشعار میں ڈھالا جا رہا تھا۔ جب ہم اس کمپنی کے دروازے پر پہنچے تو دیکھا کہ لوگ قطار باندھے کھڑے ہیں اور اُن کے ہاتھوں میں کورے کاغذات ہیں۔ ہم نے ان لوگوں سے پوچھا:

"صاحبو! آپ لوگ کون ہیں، یہاں کیوں کھڑے ہیں اور آپ نے ہاتھوں میں کورے کاغذات کیوں پکڑ رکھے ہیں؟"

اس پر ایک نازک اندام نوجوان جس کے بال بڑھے ہوئے تھے، آگے بڑھا اور بولا:

"جنابِ والا! ہم ماڈرن شاعر ہیں اور فکرِ شعر میں وقت برباد نہیں کرتے۔ اسی لیے ریڈی میڈ غزلیں خریدنے آئے ہیں اور ہمارے ہاتھوں میں کورے کاغذات اس لیے ہیں کہ ہم ان پر غزلیں لکھوا کر لے جائیں گے۔" نوجوان کا یہ جواب سُن کر ہم آگے بڑھنے لگے تو قطار میں ایک شور بلند ہوا:

"صاحب! قطار میں ٹھہرئیے، ہم تو صبح سے یہاں کھڑے ہیں، آپ دیر سے آئے ہیں، اس لیے آپ کو قطار میں سب سے پیچھے ٹھہرنا چاہیئے۔" ہم نے شعراء کی اس ہوٹنگ کا کوئی نوٹس نہ لیا اور کمپنی کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گئے۔ ایک کمرے میں ہمیں اس کمپنی کے پروپرائٹر مسٹر عبدالرحیم وفا نظر آئے جو ہاتھ میں قینچی پکڑے ایک غزل کو کاٹ رہے تھے۔ ہم نے اپنا تعارف کروایا تو وہ بولے: "مکرّر، مکرّر!" ہم نے اپنا دوبارہ تعارف کروایا تو وہ بے حد خوش ہوئے اور بولے:

"معاف کیجئے! میں ذرا اونچا سُنتا ہوں، اسی لیے آپ کو اپنا تعارف مکرّر کروانا پڑا۔" پھر وہ بولے: "میں آپ کو اپنی کمپنی کا معائنہ ضرور کراؤں گا۔ مگر آپ کو پانچ منٹ تک انتظار کی زحمت برداشت کرنی ہوگی۔ کیونکہ اس وقت میں ایک غزل کاٹ رہا ہوں۔" پھر جب وہ قینچی لے کر دوبارہ غزل کاٹنے میں مصروف ہو گئے تو ہم نے ازراہِ تجسّس اُن سے پوچھا:

"قبلہ آپ قینچی سے اِس غزل کو کیوں کاٹ رہے ہیں؟"

وہ مسکراتے ہوئے بولے:

"بھئی، بات دراصل یہ ہے کہ یہ غزل بڑی بحر میں لکھی گئی ہے اور اب میں اسے کاٹ کر چھوٹی بحر کی دو غزلیں بنا دینا چاہتا ہوں کیونکہ میرے پاس وقت بہت کم ہے اور شعراء کے ڈھیر سارے آرڈر میرے پاس پڑے ہوئے ہیں۔"

یہ کہہ کر انھوں نے غزل کاٹی اور دو کر کے رکھ دیئے۔

"میاں، یہ غزلیں اسی وقت میوزک ڈائرکٹر صاحب کے پاس لے جاؤ اور اُن سے کہو کہ شام تک ان دونوں غزلوں کا ترنم فٹ ہو جانا چاہیئے۔ کیونکہ آج رات میں مشاعرہ ہے اور جناب ترنم دہقانی اس مشاعرے میں یہ غزلیں پڑھنے والے ہیں۔"

ہم نے پوچھا: "یہ ترنم دہقانی صاحب کون ہیں؟"

وہ بولے: "ہمارے بہت پرانے گاہک ہیں۔ آپ انھیں نہیں جانتے؟ یہ تو ہمارے ملک کے استاذ شعراء میں شمار کیے جاتے ہیں اور انھیں یہ فخر ہے کہ وہ گذشتہ بیس برسوں سے ہماری کمپنی سے غزلیں اور اُن کا ترنم خریدتے رہے ہیں۔"

پھر جناب عبدالرحیم وفا نے اپنی داستانِ الم کچھ یوں بیان کرنی شروع کی کہ:

"جنابِ والا! میں بچپن ہی سے اس نظریے کا قائل رہا ہوں کہ شعراء تین قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک پیدائشی شاعر، دوسرا موروثی شاعر اور تیسرا نمائشی شاعر۔۔۔۔ پیدائشی شاعر تو وہ ہوتا ہے جو پیدا ہوتے ہی مطلع عرض کرتا ہے، یعنی روتا بھی ہے تو علمِ عروض کے اُصولوں کو پیشِ نظر رکھتا ہے۔ اس کے رونے میں بھی ایک ترنم پوشیدہ ہوتا ہے اور ابھی تو اس نے دس بارہ سال کا بھی ہونے نہیں پاتا کہ "صاحبِ دیوان" بن جاتا ہے۔ موروثی شاعر وہ ہوتا ہے جسے شاعری ورثے میں ملتی ہے، یعنی اصل میں اس کا باپ شاعر ہوتا ہے اور جب وہ مرتا ہے تو اپنے پیچھے قرض خواہوں کے علاوہ غیر مطبوعہ غزلیں اور نظمیں چھوڑ جاتا ہے۔ پس اس کا بیٹا ان غزلوں اور نظموں کو وقتاً فوقتاً رسائل میں چھپواتا ہے اور موروثی شاعر ہونے کا شرف حاصل کرتا ہے۔ لیکن شاعروں کی ایک تیسری قسم بھی ہوتی ہے جو نمائشی شاعر کہلاتی ہے اور سچ پوچھیے تو ان دنوں ہر طرف نمائشی شعراء کی بھرمار ہے، جو کہیں سے غزلیں لکھوا لاتے ہیں اور انھیں مشاعروں میں پڑھ کر نام کماتے ہیں۔ چونکہ میں ابتدا ہی سے پیدائشی شاعر واقع ہوا ہوں اس لیے میں نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ بڑا ہو کر ایک ایسی کمپنی قائم کروں گا جہاں سے نمائشی شعراء کو سستے داموں پر غزلیں اور نظمیں فراہم کی جائیں۔ چنانچہ میں نے نہایت قلیل سرمایہ کے ساتھ اس کمپنی کا آغاز کیا۔ میں نے ایک سکنڈ ہینڈ قلم اور ایک سکنڈ ہینڈ سیاہی کی دوات خریدی اور اپنے مستقبل کی طرف روانہ ہو گیا۔ ابتدا میں میرا طریقۂ کار یہ تھا کہ میں اپنے ہاتھ میں قلم پکڑتا اور گلی گلی آوازیں لگاتا پھرتا کہ "غزل لکھوا لیجئے، نظم کی اصلاح کروا لیجئے۔" وہ دن میرے لیے سخت آزمائش کے دن تھے، جب ہر طرف "پیدائشی شاعر" نظر آیا کرتے تھے لیکن رفتہ رفتہ کچھ نمائشی شعراء نمودار ہونے لگے اور میرا کاروبار چل پڑا۔ جب میری حالت ذرا سنبھلی تو میں نے ایک ٹھیلہ خریدا اور اس ٹھیلے میں غزلیں، نظمیں، سہرے اور رُباعیاں رکھ کر فروخت کرنے لگا۔ رفتہ رفتہ میری گُڈ وِل دُور دُور تک جا پہنچی اور لوگ دُور دُور سے غزلیں لکھوانے کے لیے آنے لگے۔ میرا نصیبہ جاگ اُٹھا اور میں اتنا مالدار ہو گیا کہ آج "غزل سپلائنگ اینڈ مینوفیکچرنگ کمپنی" کا پروپرائٹر ہوں۔ اب میں نے چار پیدائشی شعراء کی خدمات بھی حاصل کر لی ہیں جو دن رات غزلیں، نظمیں، رُباعیاں اور قطعات لکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ میں نے ایک میوزک ڈائرکٹر کی خدمات بھی حاصل کر لی ہیں جو مختلف غزلوں کا ترنم فٹ کرتا ہے۔ پھر میں نے اپنی کمپنی میں ایک نیا شعبہ بھی قائم کیا ہے جسے "شعبۂ سامعین" کا نام دیا گیا ہے۔ اس شعبے کے ذمے یہ کام ہے کہ وہ مشاعروں میں "سامعین" کو روانہ کرے اور کمپنی کی فراہم کردہ غزلوں پر کچھ ایسی داد دے کہ دوسرے خاص نمائشی شاعر پر "پیدائشی شاعر" کا گمان ہونے لگ جائے۔ چنانچہ میں فی سامع سواری خرچ کے علاوہ دو روپے چارج کرتا ہوں۔ میرا یہ نیا شعبہ بھی دن دُگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے۔ کیونکہ مشاعرے زیادہ تر راتوں ہی میں منعقد ہوتے ہیں۔ ہمارے سامعین کسی شاعر کے کلام پر اس زور و شور سے داد دیتے ہیں کہ خود بیچارے شاعر کا کلام کوئی سُننے نہیں پاتا۔ اب میں نے ایک "شعبۂ ہوٹنگ" بھی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ کمپنی کے مخالفین کے دانت کھٹے کیے جا سکیں۔"

مسٹر عبدالرحیم وفا ابھی اپنی داستان بیان ہی کر رہے تھے کہ ٹیلیفون کی گھنٹی بجنے لگی اور وہ ریسیور اُٹھا کر کہنے لگے:

"ہیلو! کون شادانی صاحب بات کر رہے ہیں؟"

"جی ہاں۔۔۔ مجھے معلوم ہے کہ مشاعرہ آج رات ہے۔ چلیئے نہ بھیجئے۔ ہاں لیکن آپ نے ابھی تک دو پُرانی غزلوں کی قیمت ادا نہیں کی ہے۔ جب تک پچھلا حساب صاف نہ ہو جائے میں آپ کے لیے ایک شعر بھی نہیں کہہ سکتا۔"

"کیا کہا، مشاعرہ میں آپ کو معاوضہ ملنے والا ہے؟ آپ کو ہر مشاعرہ میں معاوضہ ملتا ہے۔ گذشتہ بار بھی آپ کو معاوضہ ملا تھا، لیکن آپ نے میری غزلوں کی اُجرت ادا کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی، تم کبھی بھی کوئی بات ہے کہ آپ نے پچھلے پانچ روپے پر ایک غزل لے جاتے ہیں اور اُسے مشاعرے میں پڑھ کر کئی سو روپے معاوضہ حاصل کر لیتے ہیں۔ میں کبھی یہ برداشت نہیں کروں گا کہ آپ میری مشاعروں کے علاوہ میری دولت کا بھی استعمال کریں۔"

اس کے بعد ٹیلیفون پر طویل وقفہ رہا اور شادانی صاحب دوسری طرف سے کچھ کہتے رہے اور آخر میں وفا صاحب جھنجھلاتے ہوئے بولے:

"دیکھئے، شادانی صاحب، میں آپ کو غزل ضرور لکھ دیتا لیکن میرے پاس وقت بالکل نہیں ہے کیونکہ مجھے تو "سیٹھ شاعر" کی غزل کہنی ہے۔ بہتر ہے کہ آج آپ مشاعرہ میں نہ جائیں۔" اس کے بعد وفا صاحب نے بڑے زور سے ریسیور رکھ دیا اور بولے:

"یہ تیز کہیں کے، جب غزل لکھوانی ہوتی ہے تو یوں منت سماجت کرتے ہیں جیسے کوئی فقیر بھیک مانگ رہا ہو، لیکن جب مشاعرے میں میری ہی غزل میرے سامنے پڑھتے ہیں تو میری طرف یوں دیکھتے ہیں جیسے اپنی ذاتی غزل سُنا رہے ہوں۔" پھر وفا صاحب نے اپنے حواس درست کیے اور کہنے لگے، "میں آپ کو اپنی کمپنی کی داستان تو سُنا چکا ہوں، اب آپ میرے پراسپیکٹس کا مطالعہ فرمائیے جس سے آپ کو میری کمپنی کی جملہ شرائط کی تفصیلات کا علم ہو جائے گا۔" یہ کہتے ہوئے اُنھوں نے پراسپیکٹس ہمارے سامنے پھینک دیا۔ ہم نے موقعے کو غنیمت جانا اور ایک پراسپیکٹس اپنے ساتھ لے آئے جسے من و عن یہاں نقل کیا جا رہا ہے:

### غزل سپلائنگ اینڈ مینوفیکچرنگ کمپنی پرائیویٹ ان لمیٹڈ

#### پراسپیکٹس

- گاہکوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے تخلّص کا خود انتخاب کریں۔ ایک بار آپ نے تخلّص رکھ لیا تو آپ کو مکمل شاعر بنانے کی ذمہ داری کمپنی پر عائد ہوگی۔
- بیک وقت چار غزلوں کا آرڈر دینے پر ایک قطعہ مُفت فراہم کیا جائے گا۔
- اگر کمپنی کی فراہم کردہ کسی غزل پر مشاعرہ میں ہوٹنگ ہو تو اس کی ذمہ داری کمپنی پر عائد نہ ہوگی۔ ہم غزل کو ہوٹنگ سے محفوظ رکھنے کی ذمہ داری صرف اسی صورت میں قبول کر سکتے ہیں جب کہ آپ ہمارے "شعبۂ سامعین" کی خدمات سے استفادہ کریں۔
- غزلوں کو صحیح تلفّظ کے ساتھ پڑھنے کی ذمہ داری بھی متعلقہ شعراء پر ہی عائد ہوگی، کیونکہ کمپنی صرف شعر کہتی ہے، شعراء کو "قاعدہ" نہیں پڑھا سکتی۔
- بڑی بحر کی غزل کے پانچ اشعار کی قیمت دس روپے اور چھوٹی بحر کی غزل کے پانچ اشعار کی قیمت آٹھ روپے ہوگی۔ اگر کوئی صاحب صرف ایک مصرعہ لینا چاہتے ہیں تو اُن سے پورے شعر کی اُجرت وصول کی جائے گی۔
- اگر کوئی صاحب کمپنی ہذا سے آزاد نظمیں لکھوانا چاہتے ہوں تو انھیں اپنی دماغی حالت کے بارے میں سب سے پہلے ایک طبی صداقت نامہ پیش کرنا ہوگا۔
- اگر کوئی صاحب "سہرا" لکھوانا چاہتے ہوں تو واضح ہو کہ کمپنی سہرا نگاری کی اُجرت بہت بھاری وصول کرتی ہے کیونکہ دوسروں کی شادی پر خوشی کا اظہار کرنا ایک بہت بڑی ٹریجڈی ہے۔
- کمپنی ہذا نے گاہکوں کے لیے غزلیں کرایہ پر دینے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ لیکن کوئی غزل چوبیس گھنٹوں سے زیادہ عرصہ کے لیے اپنے پاس نہ رکھی جائے کیونکہ یہ غزلیں کرایہ پر دی جاتی ہیں تو انھیں بھی اسی شرط کے ساتھ کرایہ پر دیا جاتا ہے۔
- گاہکوں کو غزلوں کی قیمت نقد ادا کرنی ہوگی۔ کیونکہ شعراء کو اُدھار غزلیں مہیا کرنا دُنیا کی سب سے بڑی غلطی ہے۔
- ہم نے گاہکوں کی سہولت کی خاطر پُرانی غزلوں کی ریپئرنگ کا بھی بندوبست کیا ہے لیکن یہ غزلیں اتنی پُرانی، بوسیدہ اور شکستہ نہیں ہونی چاہئیں کہ ان کی ریپئرنگ پر نئی غزل کی لاگت آ جائے۔
- ایک بار فروخت کی ہوئی [illegible] تیسرے درجے پر خریدی جائیں گی۔

[illegible] عوام کی اطلاع کے لیے اسے شائع [illegible] ہیں تاکہ جو لوگ ابھی صاحب غزل بنانا چاہتے ہیں کی تمنّا رکھتے ہوں وہ شاعری کی اس ترقی ہوتی گنگا میں ہاتھ دھو لیں اور کہیں ایسا نہ ہو کہ پانی گذر نہ جائے۔

▲

## [illegible]

ثناءاللہ ترکی (ٹورانٹو)

آج ۱۹۷۳ء کی آمد کی رات ہے [illegible] اپنی تمام تر رنگینیوں [illegible] اپنے بے شمار عزائم [illegible] اپنے ارادے، توقعات اور اپنے لائحۂ عمل [illegible] نئے سال کو [illegible] [illegible]

[illegible] یہ نیا شیشہ کو خوش آمدید کہتا ہے اسے پیار کرتا ہے اور پوچھتا ہے۔ ہر پرانی چیز سے بیزار اور جان چھڑاتا ہوا نظر آتا ہے۔ چاہے اس پرانی شے نے اس کے لیے اپنی جان کی بازی ہی کیوں نہ لگا دی ہو۔ وہ اس کی پرانی قربانیوں، خدمات اور اس سے حاصل کیے ہوئے فوائد و مفادات کو یکسر فراموش کر دیتا ہے۔ اپنی اس پرانی فطرت کے مطابق آج کوئی بھی شخص پرانے سال کی الوداعی محفل نہیں سجا رہا، بلکہ ہر فرد نئے سال کے استقبال کا جشن منا رہا ہے۔ نہ جانے یہ نئی شے کے استقبال کا جنون ہے یا ان دیکھی شے کا تخیلاتی سحر ہے جو آج کی رات مغربی دنیا کو مسحور کیے جا رہا ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے کوئی مشرقی دوشیزہ شادی سے ایک رات پہلے اپنے ان دیکھے جیون ساتھی اور اس کے پیار میں مدہوش ہوئے جاتی ہے۔ کون جانتا ہے کہ یہ نشہ آور جشن واقعی جشن استقبالیہ ہے یا اپنے غم و اندوہ اور اپنے مسائل و مشکلات سے فرار کی ایک ناکام سی کوشش — ؟ تقسیم سے کچھ لوگوں کے مفادات کو تقویت ملتی ہے اور کچھ کی انانیت کو خوشی — لہٰذا انھوں نے ناقابلِ تقسیم اشیاء کو بھی اپنے اپنے مفادات کی خاطر تقسیم کر دیا۔ انسانیت کو رنگوں، نسلوں، عقیدوں، نظریوں اور قومیتوں کی بنیادوں پر تقسیم کر دیا۔ زمین، سمندر اور پہاڑوں کو سیاسی و جغرافیائی حد بندیوں اور عسکری و معاشی بندشوں کی بناء پر منقسم کیا تو وقت کو دنوں، مہینوں اور برسوں کی قید میں جکڑ دیا۔ انسان اپنے تمام تر شعوری ارتقاء اور سائنسی ترقی کے باوجود کتنا بھولا اور خود فریب واقع ہوا ہے! وہ سمجھتا ہے کہ وقت کو تقسیم کر کے شاید اس نے اسے مسخر کر لیا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ شاید آنے والا سال اس کے لیے خوشیوں کا پیامبر ہوگا۔ اس کی مشکلات اور اس کے مسائل کا حل، اس کے غموں اور دکھوں کا مداوا ہوگا اور اس کی ناتمام حسرتوں اور تمناؤں کو یہ سال پذیرائی بخشے گا۔ اسے نہیں معلوم کہ وقت تو ایک ناقابلِ تسخیر، ناقابلِ تقسیم اور ہر دم رواں دواں اکائی ہے۔ اس کی دنوں، مہینوں اور سالوں کی تقسیم بالکل غیر فطری اور مصنوعی ہے۔ یہ تو کبھی نہ رکنے والی ایک ایسی گاڑی ہے جس کے پہیے کا ہر چکر انسان کو اس کے اختتام کے قریب تر لیے جا رہا ہے۔ آج اس پہیے کا ایک چکر ختم ہو رہا ہے اور نیا چکر شروع ہو رہا ہے۔ یہ تو ہمارے لیے ایک لمحۂ فکر پیش کرتا ہے کہ ہم اپنے اختتام سے مزید نزدیک ہو گئے ہیں اور ہم اس بات کا جائزہ لیں کہ ہم نے اپنے پچھلے راستے میں کیا کھویا ہے اور کیا پایا؟

یہ وقت بھی کتنا ظالم، بے حس اور احسان فراموش ہے۔ آج انسان کتنے چاؤ، کتنے ارمانوں اور کتنی تمناؤں کے ساتھ اس کے نئے دورِ حیات کا [illegible] کر رہا ہے۔ لیکن وہ تخت نشین ہوتے ہی بالکل انسانی حکمرانوں کی طرح ان کی [illegible] اور تمناؤں کا خون کر دے گا۔ پچھلے سال جیسی ہی [illegible] ہوں گی، برف باری ہوگی، [illegible] انسانوں کو نگلنے کے لیے پہلے ہی کی طرح تیار ہوں گے۔ [illegible] اپنے اجداد کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے [illegible] جنگوں، معاشی و معاشرتی ناہمواریوں، اجتماعی و انفرادی [illegible] سیاسی کشمکش اور نفسیاتی الجھنوں کو برقرار رکھے گا۔ اگر یہ سب کچھ رہتا ہے اور رہے گا تو یہ جشن اور عیش و نشاط کے ہنگامے کس لیے؟

## ٹورانٹو میں [illegible] مشاعرہ

محمد عتیق (ٹورانٹو)

وطن سے دور ہوں تو بہت سے خیالوں کو نئے عنوان اور معانی مل جاتے ہیں۔ ان ہی میں سے ایک مشاعرہ بھی ہے۔ وطن میں اگرچہ طرحی اور غیر طرحی مشاعروں سے ہم واقف ہوں گے لیکن اہلِ ٹورانٹو نے غریب الوطنی میں ایک نئے قسم کے مشاعرے کی طرح ڈالی ہے [illegible] سامعین [illegible] کسی کی طرف [illegible] شاعر سے بلا تکلف پوچھ سکتے ہیں کہ یہ کلام ان کا اپنا ہے یا [illegible] اور کا [illegible] [illegible] غریب الوطنی میں [illegible]

ٹورانٹو میں اس قسم کے مشاعرے کا اہتمام جناب مسلم حسنی نے یارک یونیورسٹی میں کیا۔ یہ ۲۹ دسمبر ۱۹۷۲ء کی ایک برفانی شام تھی۔ لیکن آفریں ہے اہلِ ٹورانٹو پر کہ جوق در جوق کھنچے چلے آئے۔ نہ صرف ٹورانٹو بلکہ آٹوا، ونڈسر، ہیملٹن اور مونٹریال جیسے دور دراز شہروں کے لوگ بھی موجود تھے۔

مشاعرے کے آغاز کا وقت آٹھ بجے تھا۔ لیکن موسم کی خرابی کی وجہ سے مشاعرہ آدھا گھنٹہ دیر سے شروع کیا گیا۔ فرشی چاندنیوں اور مدھم و نازک شمعوں نے روایتی مشاعرے کا سماں باندھ دیا تھا۔ اکثر یہ ہوا کہ سامعین کی بے ساختہ داد میں شاعر کی آواز گم ہو کر رہ گئی۔ مسلم حسنی صاحب نے شعر اور شاعر کے مابین نازک رشتے پر روشنی ڈالتے ہوئے ڈاکٹر نور احمد شیخ کا تعارف کرایا۔ اور ان سے درخواست کی کہ صدرِ مشاعرہ کے فرائض انجام دیتے ہوئے مشاعرے کا آغاز کریں۔ سب سے پہلے میزبان مسلم حسنی نے اپنا کلام سنایا اور محفل سے داد لی ؎

اجنبی دیس میں یہ شعر و سخن کی محفل
اپنے یاروں کے تعاون سے سجالی یارو

ان کے بعد جناب باقر وارثی اور ہاشمی صاحب نے اپنی پسند کے اشعار پڑھے۔ ابھی داد کی آوازیں تھمی ہی تھیں کہ جناب سراج خلجی کا نام پکارا گیا۔ انھوں نے رئیس امروہوی کا کلام سنایا جس میں ؎

اردو کا جنازہ ہے بڑی دھوم سے نکلے

تحت اللفظ میں وہ ایک ایک لفظ موتی کی طرح پرو رہے تھے۔ ایک سماں سا بندھ گیا تھا — اس کے بعد عادل قادری صاحب آئے انھوں نے اپنا کلام جو اسی مشاعرے کے لیے لکھا تھا سنایا۔ پھر ڈاکٹر شیخ نے اپنے شعر پڑھے ؎

راہوں میں وفا کی دھندلی سی اک ٹوٹی تربت باقی ہے
گردابِ فنا کے جھونکوں نے یہ تو دہ بھی ہموار کیا
جینے کی تمنا ڈوب گئی مرنے کی جسارت کر نہ سکے
ساحل سے قدم آگے نہ بڑھے گو ہم نے قصد سو بار کیا

اب تالیوں کا شور اٹھا — معلوم ہوا کہ عقیلہ شاہین تشریف لا رہی ہیں ؎

خوابوں کا جہاں آباد ہوا ہے اپنے دل کے ویرانے میں
سو شمعیں تمھاری تصویریں احساس کے صورت خانے میں

خوب داد دی گئی — پھر جناب اشتیاق نے جگر کا کلام ترنم کے ساتھ شروع کیا اور جب ان اشعار پر پہنچے تو داد کے جام کھنک اٹھے ؎

کامل رہبر، قاتل رہزن
دل سا دوست نہ دل سا دشمن
پھول کھلے ہیں گلشن گلشن
لیکن اپنا اپنا دامن

[illegible] نے بڑی خوبصورتی سے [illegible] غزل پیش کی ؎

دل و نگاہ کی محرومیوں کا وہ عالم
تم آ گئے پھر بھی تمہارا ہی انتظار کیا

ان کے بعد شمیم الحق صاحب [illegible] نے اپنا کلام [illegible] [illegible] ؎

تم نے لکھا ہے مرے خط مجھے واپس کر دو
ڈر گئیں حسنِ دلآویز کی رسوائی سے
میں نہ کہتا تھا کہ تم کھیل سے محبت نہ کرو
یوں نہ کھیلو میرے جذبات کی رعنائی سے

[illegible] وہ اس مقام پر پہنچے تو بے پناہ داد [illegible]

تم نہ مانو تو بھلا کون کسے کون سنے
پیار پوجا ہے، پرستش ہے، عبادت تو نہیں
سوز چاندی کے لیے پیار کو ٹھکرا دینا
یہ محبت کا تمسخر ہے، محبت تو نہیں

پھر صدرِ مشاعرہ ڈاکٹر شیخ نے اپنی نظم جو اصولِ پرست معلمت پرست اور موقع پرست لوگوں پر مبنی تھی، سنا کر سامعین کو خوب محظوظ کیا۔ رات کا ڈیڑھ بج رہا تھا، لیکن زندہ دلانِ ٹورانٹو کا اصرار تھا کہ ؎

رات کا حسن ابھی اور نکھرنے دیجیے

لیکن وقت نے کب کسی کا ساتھ دیا ہے! چنانچہ محفل رنگ پر آنے کے بعد شمعِ مشاعرہ گل کر دی گئی۔

---

## غزل

مخدوم

یہ کون آتا ہے تنہائیوں میں جام لیے
جلو میں چاندنی راتوں کا اہتمام لیے

چٹک رہی ہے کسی یاد کی کلی دل میں
نظر میں رقصِ بہاراں کی صبح و شام لیے

ہجومِ بادہ و گل میں ہجومِ یاراں میں
کسی نگاہ نے جھک کر مرے سلام لیے

کسی خیال کی خوشبو کسی بدن کی مہک
درِ قفس پہ کھڑی ہے صبا پیام لیے

مہک مہک کے جگاتی رہی نسیمِ سحر
لبوں پہ یارِ مسیحا نفس کا نام لیے

بجا رہا تھا کہیں دور کوئی شہنائی
اٹھا ہوں آنکھوں میں اک خوابِ ناتمام لیے

---

## قطعہ

مری شکست پہ اک پرتوِ جمال رہے
میں کیوں نہ عظمتِ افتادگی پہ اتراؤں
تجھی سے ہے مری آسودہ خاطری کا بھرم
ترے غموں کا خزانہ چھنے تو لٹ جاؤں

احمد ندیم قاسمی

the Store

VISIT US FOR A COMPLETE SHOPING SERIVCE

AFRO ASIAN

918 PAPE AVE TORONTO

حلال گوشت اور مرغیاں
نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں


# خلیج فارس کی عرب ریاستوں سے پاکستان میں اسلحہ سازی کی صنعت قائم کرنے پر بات چیت جاری ہے

## بھارت کو بڑے پیمانے پر روسی ہتھیار ملنے سے برصغیر میں طاقت کا توازن تشویشناک حد تک بگڑ گیا ہے

### غیر ملکی اخباری نمائندوں سے وزیر اعظم بھٹو کی بات چیت

راولپنڈی

اسلامی کانفرنس میں
مُجیب کو بھی
مدعو کیا جائے گا

وزیر اعظم بھٹو کی طرف سے اندرا گاندھی کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت کی تجدید

# آج سے بنکوں کے تمام کاروبار اور پرائیویٹ حصص کی مالک حکومت ہوگی

## حکومت پٹرول اور جہاز رانی کی صنعتیں بھی قومی تحویل میں لے سکے گی،

### بنک کے حصہ داروں کو معاوضہ دیا جائے گا۔ صدر مملکت نے تین آرڈی ننس نافذ کر دیے

اسلام آباد۔

بلوچستان میں سرداری نظام
بالکل ختم کر دیا جائے گا: بھٹو



# بلوچستان میں صوبائی اسمبلی کے لیے از سر نو انتخابات کرائے جائیں

## میں کوئی نئی پارٹی نہیں بناؤں گا اور بھٹو کا بدستور دوست رہوں گا: اکبر بگٹی

# پاکستان اور فرانس کے درمیان تجارتی اور سائنسی اشتراک اطمینان بخش ہے

## فرانس کی فرمیں پاکستان کے ترقیاتی منصوبوں میں ہاتھ بٹا رہی ہیں

پیرس

### پاکستان ریلوے کے لئے کینیڈا کی امداد

اسلام آباد

### افغان سفیر کابل واپس چلا گیا

پشاور

# موثر خارجہ پالیسی کے نتیجہ میں عالمی برادری میں پاکستان کا وقار خاصا بلند ہوگیا ہے

## پاکستان کے مستقبل کے بارے میں دوست ملکوں کا اعتماد بڑھ چکا ہے

### تینوں بڑی طاقتوں سے پاکستان کے تعلقات روز بروز بہتر ہو رہے ہیں: عزیز احمد

راولپنڈی

# کراچی کے روزنامہ سٹار

## کی اشاعت پر دو ماہ کے لیے

## پابندی لگا دی گئی،

کراچی



وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو پیپلز پارٹی کے اقتدار کی دوسری سالگرہ پر

# قیمتوں پر کنٹرول کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے کمیشن قائم کر دیا گیا ہے

امریکہ اور روس سے پاکستان کے تعلقات زیادہ بہتر ہو گئے ہیں اور اسلامی ملکوں سے تعلقات کا نیا دور شروع ہوا ہے

حکومت ملک کے سماجی، اقتصادی ڈھانچہ میں انقلابی تبدیلیاں کر رہی ہے۔ راولپنڈی کے جلسہ عام میں وزیر اعظم بھٹو کی تقریر

## میں نے قیمتوں کا اندازہ لگانے کیلئے اپنے بچوں اور دوستوں کو بازار بھیجا: وزیر اعظم

## بھارت نے امرتسر ٹیلیویژن کے پروگراموں سے متعلق پاکستان کا احتجاج مسترد کر دیا

نئی دہلی

### مغربی جرمنی کی لڑکیاں مسلم نوجوانوں سے شادی کو ترجیح دیتی ہیں

فرینکفرٹ

# تمام غیر الاٹ شدہ اراضی قابض کاشت کاروں کو منتقل کرنے کا فیصلہ

## محکمہ بحالیات کی میعاد تیس جون تک بڑھا دی گئی

زرعی زمینوں اور شہری جائیدادوں کے کلیم داخل کرنیکی تاریخ میں ۲۸ فروری تک توسیع

لاہور ۔ جنوری

## برطانیہ میں ۲/۱ ۲ لاکھ پونڈ مالیت کی پاکستانی چرس پکڑی گئی

تین پاکستانی گرفتار، چرس کراچی سے بھیجی گئی تھی

لندن

# شراب پر پابندی کے لیے جامع پالیسی تیار کر لی گئی ہے: حفیظ پیرزادہ

## تیس لاکھ روپے کی کتابیں درآمد کر کے طلبا کو رعایتی قیمت مہیا کی جا رہی ہیں

نہروں کی آمد و رفت سے نئی نسل متاثر نہیں ہوئی: قومی اسمبلی کا وقفہ سوالات

اسلام آباد

# پاکستانی بنکوں کو نقصان پہنچا کر غیر ملکی بنکوں کو اپنا کاروبار چمکانے کی اجازت نہیں دی جائیگی

## غیر ملکی بنک پاکستانی بنکوں سے سرمایہ منتقل کرنیکی اجازت نہ دیں: مبشر حسن

ہم ملکی قوانین کا پورا پورا احترام کرینگے: غیر ملکی بنکاروں کی یقین دہانی

کراچی

قومی تحویل میں لئے جانے والے اداروں کے معاوضہ بانڈ پندرہ سال سے قبل نہیں بھنوائے جا سکیں گے

کراچی

### پاکستان میں شوگر مل پلانٹ کی تیاری


## مسلم بوائے اسکاؤٹ تحریک

نوعمر نوجوانوں کی دلچسپی اور تربیت کیلئے ٹورانٹو میں شمالی امریکہ کی پہلی مسلم بوائے اسکاؤٹ تحریک کا آغاز کیا گیا ہے
مزید معلومات کے لیے جامع مسجد کو فون کیجئے۔ نمبر یہ ہے: 769-7800

## پاکستان میں ہر آدمی کو مفت علاج معالجہ کی سہولتیں حاصل ہونگی — وزیر اعظم

کراچی


# Subscribe to
# The Crescent

P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada



# ٹورانٹو میں

## پاکستانی ریڈیو پروگرام

# "میرے وطن"

ہر اتوار ریڈیو CHIN 101
ہر شام آٹھ بجے سے ساڑھے آٹھ
تک پاکستانی خبریں اور موسیقی
کے موضوع پر پروگرام سنئیے

ٹورانٹو اک شہر ہے عالم میں بےمثال
اس عمارت، چمن میں خوشی ہیں با کمال
ان کی مدد سے آپ کو مل جائیگا مکان
...

خریدو فروخت کے لیے بھی یاد رکھیں

ایچ کیتھ لمیٹڈ ریلٹر ... سلطان قریشی

SOLD

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W. Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 763-4988

SULTAN QURESHI

# مشرقی پاکستان سے فرار ہو کر بھارت پہنچنے والے پاکستانیوں کو یرغمال بنا لیا گیا

## بھارت میں مسلمانوں کے ساتھ اچھوتوں سے بد تر سلوک کیا جاتا ہے

### بنگلہ دیش میں لا قانونیت کا راج

# پاکستان تعلقات معمول پر لانے کی بھارتی تجاویز پر غور کر رہا ہے

## بھارتی حکومت کی طرف سے پاکستانی تجویز کا جواب موصول ہو گیا

اسلام آباد ۔ جنوری (اے پی پی) حکومت پاکستان نے تصدیق کر دی ہے کہ بھارت کی طرف سے اسے ایک مراسلہ موصول ہوا ہے جس میں شملہ معاہدے کے تحت حالات معمول پر لانے کے لئے سرکاری وفود کے تبادلہ اور باہمی بات چیت پر رضامندی ظاہر کی گئی ہے تاہم ایک سرکاری ترجمان نے وضاحت کی ہے کہ یہ مراسلہ پاکستان کی اس تجویز کے جواب میں بھیجا گیا ہے کہ

### سونے کا نرخ ... روپے تولہ ہو گیا

# شیخ مجیب، سردار شوکت حیات سے ملاقات کرنے خاص طور سے کوالالمپور پہنچے

# ۱۹۵ جنگی قیدی بھی پاکستان کے حوالے کر دیئے جائیں گے: مجیب کی یقین دہانی

## بنگلہ دیش کے وزیر اعظم کی طرف سے دونوں حصوں میں براہ راست تجارت کی بحالی پر زور

## میں پاکستان کی رائے عامہ کا احترام کرنا چاہتا ہوں

# علیحدگی کی دوسری سالگرہ پر بنگلہ دیش میں اکیس ہزار محبان پاکستان کو رہا کر دیا گیا

## سالگرہ کی تقریبات کے دوران بموں کے دھماکے، ایک عمارت تباہ ہو گئی

### دھماکے بنگلہ دیش کی موجودہ حیثیت کے مخالفوں نے کرائے ہیں: ڈھاکہ حکومت کا الزام

# مہاراشٹر کے دو شہروں کے بعد کرناٹک کے شہر ہبلی میں بھی کرفیو لگا دیا گیا

## آتشزنی کی واردات کے دوران ایک شخص دم گھٹ کر ہلاک ہو گیا

### روس بھارت کو سام ۷ میزائل دے گا

# پاکستان بھارت اور افغانستان سے بہتر تعلقات کا خواہاں ہے

## ہم کسی کو اپنے حقوق پر چھاپہ مارنے کی اجازت نہیں دیں گے

## بلوچستان میں رجعت پسند قبائلی سرداروں نے ناسمجھ عوام کو آلۂ کار بنا رکھا ہے

### علامہ اقبال کی تصنیفات کے حقوق اشاعت وزارت اطلاعات و نشریات حاصل کرنا چاہتی ہے

جنگی قیدیوں کی واپسی
کا کام تیز تر
کر دیا جائے گا

اسلام آباد ۔ جنوری (اے پی پی) ایک سرکاری ترجمان نے بتایا ہے کہ ... پاکستانی جنگی قیدیوں کی واپسی کی رفتار تیز کر دی جائے گی۔

Subscribe to
The Crescent

صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی۔ اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

(پشاور کے صحافیوں سے حضرت قائد اعظم کی گفتگو)

• بلوچستان کے نئے گورنر

یوں تو آج کل صاحب اقتدار کی فہرست میں بہت سے لوگ شامل ہیں جو حضرت قائد اعظم کی زندگی میں کسی طرح بھی پسندیدہ نہیں سمجھے گئے لیکن خان قلات کا بلوچستان کا گورنر مقرر ہو جانا تو اس امر کی علامت ہے کہ تحریک پاکستان، نظریہ پاکستان اور آل انڈیا مسلم لیگ کے شدید مخالف بھی اب برسر اقتدار آ رہے ہیں۔ بلاشبہ دور نو کھلا ہے اور ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان سے حسن ظن ہی رکھنا چاہیئے۔ کوئی وجہ نہیں کہ حکومت کے اس انتخاب اور خان قلات کی نیت پر کوئی شبہ کیا جائے۔ لیکن اگر ماضی کے واقعات سے حال میں کچھ فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے اور ان کے پیش نظر مستقبل کے لیے کوئی پیش بندی کی جا سکتی ہے۔ تو خان قلات کا وہ ماضی جو قیام پاکستان کے فوراً بعد کی ایک سالہ مدت کو محیط ہے۔ ارباب اقتدار کے یہ سوچنے کے لیے کافی ہے۔ کہ اس مدت میں خان قلات نے کیا کچھ کیا۔ اور ان کی ہٹ توڑنے کے لیے خاران۔ مکران اور لس بیلہ کے حکمرانوں سے حکومت پاکستان نے کس قسم کا رابطہ قائم کیا۔ اور ان کو خان قلات کی بالادستی سے بچا کر کسی طرح آزاد ریاستوں کی حیثیت میں پاکستان سے الحاق کیا اور پھر خان قلات نے خود کو تنہا محسوس کر کے کس طرح حضرت قائد اعظمؒ سے رجوع کیا۔ اس وقت جب خان قلات برگشتہ تھے اور ان کا مزاج برہم تھا۔ تو ایسا معلوم ہوتا تھا۔ کہ مغربی پاکستان کے چاروں طرف ایسے حالات پیدا کر دیئے گئے ہیں۔ کہ یہ نوزائیدہ مملکت انتشار کا شکار ہو جائے۔ کشمیر میں شیخ عبداللہ کو سبز باغ دکھائے گئے۔ سرحد میں سرحدی گاندھی کو تیار اور ہموار کیا گیا۔ وزیرستان میں فقیر ایپی کو اکسایا گیا۔ اور بلوچستان میں خان قلات کو اسی سازش کا مہرہ بنایا گیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل تھا کہ کشمیر کے سوا سب جگہ پاکستان کو حسب خاطر کامیابی ہوئی لیکن معاملہ وہ ہوا کہ

بات رہ جاتی ہے اور وقت گزر جاتا ہے۔

ہم نہیں کہہ سکتے کہ خان قلات اب کس حد تک مرکز پسند ہیں، وہ پاکستان کے لیے کیا کیا نئے عزائم رکھتے ہیں۔ البتہ اتنا ضرور کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان کے موجودہ صدر چودھری فضل الٰہی ان تمام واقعات سے باخبر ہیں۔ جو ہم نے اوپر بیان کیے ہیں۔ گورنر صوبوں میں صدر مملکت کے نمائندے ہوتے ہیں اور نئے آئین کے تحت ان کے اختیارات بھی اتنے زیادہ نہیں ہوتے بہرکیف اگر خان قلات نے صدر اور وزیر اعظم کا اعتماد حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کر لی ہے اور انہیں یقین دلا دیا ہے کہ وہ پاکستان کے موجودہ آئین کی حدود کا احترام بہرحال ملحوظ رکھیں گے اور مرکز کو اپنا ملجا مقصد سمجھ کر کام کریں گے تو۔ ...... صدر اور وزیر اعظم کے لیے ...... بجا ہے خود خان قلات بھی ...... کے مستحق ہیں۔ ...... بلوچستان ایک ...... کی حیثیت سے پاکستان کے آئین کے ساتھ چل سکے تو کامیاب ہو۔

# قانون یہی ہے

(مولانا ظفر علی خانؒ کی ایک زندہ جاوید نظم)

حق کا نہ کر اظہار کہ قانون یہی ہے
فرماتی ہے سرکار کہ قانون یہی ہے

خود محتسب وقت ہے اک رند بلانوش
مے سے نہ کر انکار کہ قانون یہی ہے

ہے جرم یہ جس کا، کہ خدا ایک ہے اُس کا
ہو گا وہ گرفتار کہ قانون یہی ہے

اب پردۂ زنگار میں نغموں کے عوض سُن
زنجیر کی جھنکار کہ قانون یہی ہے

اس دورِ پُر آشوب کا ہرگز نہ گلہ کر
مر کر بھی نہ دم مار کہ قانون یہی ہے

انگشت بدنداں ہیں عزیزانِ سیاست
خاموش ہیں اخبار کہ قانون یہی ہے

پینے کیلئے، بادۂ خونِ دلِ محزوں
حیراں ہیں قدح خوار کہ قانون یہی ہے

ہیں نخچہ سرایانِ چمن سر بگریباں،
کھلتے نہیں افکار کہ قانون یہی ہے

گھر بار لٹانا ہو جسے حق کی طلب میں
بن جائے زمیندار کہ قانون یہی ہے

## تعارف

ادارہ اپنے قارئین کرام کو ان شخصیات سے متعارف کرا رہا ہے جو شمالی امریکہ میں قومی، ملی، تہذیبی، تمدنی، سائنسی اور تعلیمی شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دے رہی ہیں۔

اس شمارے میں ...... ڈاکٹر ...... سے ملیئے ...... شمالی امریکہ میں ...... اور پاکستانی سیاسیات کے جید عالم مانے جاتے ہیں۔

قارئین سے خواہش کی جاتی ہے کہ وہ اپنی کمیونٹی کی ایسی شخصیات سے ہمیں آگاہ کریں۔

نور بصیرت

## اسلام کیوں؟

جاپان مسلم ایسوسی ایشن کے ایک اجلاس میں جو ...... میں ٹوکیو میں منعقد ہوا تھا ایسوسی ایشن کے چیئرمین مسٹر ابوبکر موری موٹو نے حاضرین سے کہا: کہتے ہیں کہ نو مسلم، خاندانی مسلمانوں کی نسبت پختہ تر ایمان والے ہوتے ہیں۔ ہمارے ہاں جاپان میں سب نو مسلم ہیں۔ کوئی خاندانی مسلمان نہیں۔ کیا آپ مختصراً بتائیں گے کہ آپ کو کس چیز نے اسلام قبول کرنے پر آمادہ کیا؟

حاجی عمر میتا (جنہوں نے جاپانی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ کیا ہے) انہوں نے کہا: اسلام سے میرا تعارف آج سے پچاس برس قبل شروع ہوا تھا۔ پہلے میں نے اسلامی کتابوں کا مطالعہ کیا۔ پھر بھارت، پاکستان اور سعودی عرب کا دورہ کر کے اسلام کا عملی تجربہ حاصل کیا۔ قرآن پاک کے ترجمہ کے دوران مجھے اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اسلام کی برکات کا گہرا احساس ہوا۔

مسٹر عبدالکریم سیتو نے جو یونیورسٹی پروفیسر ہیں اپنے تاثرات یوں بیان فرمائے۔ اگرچہ میں بارہ برس (۱۹۳۲ء تا ۱۹۴۴ء) افغانستان میں رہا۔ مگر اس دوران میں اسلام سے بالکل ناواقف رہا۔ پھر ایک دن جاپان میں جب میں نے پاکستان سے آئی ہوئی ایک تبلیغی جماعت کو بارش میں نماز ادا کرتے دیکھا تو میرے ذہن سے پردے اٹھ گئے۔ اس واقعہ نے مجھے جھنجھوڑ کے رکھ دیا۔ دفعۃً آنکھ کھل جانے کے بعد جب میں نے قرآن پاک کا مطالعہ کیا تو مجھ پر اس کی عظمت منکشف ہوئی۔ ہر بار جب میں قرآن پاک پڑھتا تو اس کے نئے پہلو مجھ پر روشن ہوتے۔ میں نے جان لیا کہ یہ کتاب کسی انسان کی لکھی ہوئی نہیں، بلکہ اس خالق کائنات کا کلام ہے، جو ہر شے کا خالق ہے۔ اس کے بعد میں نے آج سے سترہ برس پہلے کوبے کی مسجد میں اسلام قبول کر لیا۔ مجھے وضو کرنا دشوار معلوم ہوتا تھا مگر جب میں نے ابن بطوطہ کے سفرنامہ کے جاپانی ترجمہ میں پڑھا کہ ایک موقع پر اس نے برف توڑ کے اس کے ٹھنڈے پانی سے وضو کیا تھا تو اس کے بعد سے مجھے وضو کرنا اتنا گراں نہیں رہا۔

چیئرمین نے بتایا: ۱۹۶۲ء میں مجھے مشرقی پاکستان جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں مجھے اسلامی طرز زندگی دیکھنے کا موقع ملا جس سے میں متاثر ہوا۔

*

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر!

اگر پاکستان کے مختلف حصوں کو باہم متحد ہو کر ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہونا ہے تو اس کی سرکاری زبان ایک ہی ہو سکتی ہے اور وہ میری ذاتی رائے میں اردو اور صرف اردو ہے۔

جلسہ تقسیم اسناد ڈھاکہ یونیورسٹی ۲۴ مارچ ۱۹۴۸ء

**SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00**
**Send cheques to**

The Crescent

P.O. BOX 296, STATION 'H'
TORONTO M4C 1L0 ONT. CANADA

NAME ____________

ADDRESS ____________

____________

PHONE

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار


پندرہ روزہ
# صدائے پاکستان
ٹورونٹو
کینیڈا


اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ


جلد ۲ — ۱۵ جنوری ۱۹۷۴ء — شمارہ ۲۱


## پاکستان فولاد کی صنعت قائم کرنے میں کامیاب ہوگیا

### فولاد کی صنعت کے قیام میں روس کے تعاون سے دونوں ملکوں میں تعلقات کے شاندار دور کا آغاز ہو رہا ہے

### پاکستان میں فولاد کے مزید کئی کارخانے قائم کیے جائیں گے

اب ہماری صنعتیں تیزی سے ترقی کریں گی اور سماجی و اقتصادی حالات بہتر ہوں گے

(کراچی سٹیل ملز کا سنگِ بنیاد رکھنے کی تقریب میں وزیراعظم کا خطاب)

کراچی ... [illegible]

## ضرورت پڑی تو بلوچستان اسمبلی توڑ کر نئے انتخابات کرائے جائیں گے

[illegible]

## لاکھوں فرزندانِ توحید نے حج کی سعادت حاصل کی

### پاسبانِ حرم شاہ فیصل نے خطبۂ حج پڑھا

### حاجیوں کا قافلہ عرفات سے مزدلفہ روانہ ہوگیا

مکہ المکرمہ ... جنوری (ریڈیو رپورٹ) آج لاکھوں فرزندانِ توحید نے میدانِ عرفات میں فریضۂ حج ادا کیا ... [illegible]

### شاہ ایران بھارت کا دورہ کریں گے

مسز اندرا گاندھی ایران جائیں گی

نئی دہلی (ریڈیو رپورٹ) ایک سرکاری ترجمان نے انکشاف کیا ہے کہ شاہ ایران نے بھارت کے دورے کی درخواست قبول کر لی ہے ... [illegible]

## نمازِ عید کی بجا آوری

... جنوری سنہ ... کو عید الضحیٰ کے مبارک موقعہ پر کینیڈا کے مختلف شہروں میں مقیم دنیا کے کونے کونے سے آئے ہوئے مسلمانوں نے ہزاروں کی تعداد میں مسجدوں میں جمع ہو کر نمازِ عید ادا کی

ایک اندازے کے مطابق ٹورانٹو کی جامع مسجد میں تین ہزار سے زائد لوگوں نے نماز پڑھی۔ کئی حضرات نے قربانی کا گوشت ... [illegible]

[illegible]

## بھاری جنگی اسلحہ اور فاضل پرزے عنقریب پاکستان میں تیار ہونے لگیں گے

### ملک چھوٹے اسلحہ کے معاملہ میں خود کفیل ہو چکا ہے

عوامی فوج قائم کرنے کے منصوبہ پر یکم جنوری سے عمل درآمد شروع ہو جائیگا: سیکرٹری دفاع

[illegible]

### سردار شوکت حیات کو بھارت میں سفارت کی پیشکش

[illegible]

### شاہراہ قراقرم سیاحوں کے لئے بھی کھول دی گئی

راولپنڈی ... [illegible]

### ریڈیو پاکستان کو سب سے طاقتور ٹرانسمیٹر

راولپنڈی ... [illegible]


FO
VOL